# سب کے لیے احترام



# اکثر پوچھے جانے والے سوالات

## طالب علم کا طالب علم کے ساتھ امتیازی سلوک، جنسی اور دیگر ہراساں کرنا، دھمکانا اور غنڈہ گردی

### 1 میں غنڈہ گردی اور / یا جنسی ہراسانی کی اطلاع کس طرح دے سکتا ہوں؟

اگر آپ کے بچے کے ساتھ غندہ گردی کی جا رہی ہے تو یہ ضروری ہے کہ آپ فوراً اپنے اسکول کو آگاہ کریں تاکہ وہ مناسب اقدامات اٹھا کر یقینی بنائیں کہ یہ رویہ بند ہو جائے اور آپ کے بچے کو مدد حاصل ہو۔

طلباء اور اہلِ خانہ ذیل کے ذریعے غنڈہ گردی اور ہراساں کیے جانے کے خدشات کی اطلاع دے سکتے ہیں:

- کسی بھی زبان میں آن لائن شکایت **schools.nyc.gov/Safety** پر درج کروائیں یا اپنے این وائی سی اسکولز اکاونٹ (NYCSA) پر جائیں **schoolsaccount.nyc**
- این وائی سی پبلک اسکولز (NYCPS) کی ہیلپ لائن **718-935-2288** پر پیر سے جمعہ، صبح 8 بجے سے شام 6 بجے کال کریں
- دفتر برائے نوجوانان تحفظ و فروغ (OSYD) کو**RespectforAll@schools.nyc.gov پر ای میل کریں**
- اسکول میں عملے کو بتانا یا اسکول کے 'سب کے لیے احترام' رکن سے رابطہ کرنا
- جنسی یا جنسی بنیاد پر ہراساں کرنے کے مسائل کے لیے، ہمارے زمرہ IX رابطہ کار سے **718-935-4987** پر رابطہ کریں یا ذیل پر ای میل بھیجیں: **Title_IX_Inquiries@schools.nyc.gov**

اطلاع دینے کے بعد، والدین / سرپرست اسکول انتظامیہ سے واقعہ نمبر، جسے آن لائن واقعہ کی رپورٹ کا نظام (OORS) نمبر بھی کہا جاتا ہے، طلب کر سکتے ہیں۔

اطلاع موصول ہونے کے بعد والدین / سرپرستوں کو دو اسکول دنوں کے اندر مطلع کرنا ضروری ہے۔

## 2 کیا غنڈہ گردی اور ہراساں کرنے کی شکایات کو خفیہ رکھا جاتا ہے؟

آپ کا اسکول جانتا ہے کہ آپ کی اطلاع حساس ہے، اور وہ اطلاعات کو خفیہ رکھنے کی ہر ممکن کوشش کرے گا۔ اسکول معلومات کا اشتراک صرف اس صورت میں کریں گے جب ایک تفتیش کے یا ہمارے طلباء اور اسکول برادری کی حفاظت کے لیے ضروری ہو۔

والدین/سرپرستوں کو ان واقعات کے بارے میں آگاہ کیا جاتا ہے جن میں ان کا بچہ ملوّث ہوا ہو۔ اگر طلباء کو کسی اطلاع کے بارے میں اپنے والدین کو آگاہ کیے جانے کے متعلق کوئی تشویش لاحق ہے تو انہیں اپنے اسکولوں سے بات کرنی چاہیے۔ اسکول، طلباء اور والدین کے ساتھ مل کر معاونت فراہم کرنے میں مدد کر سکتے ہیں۔

اگر اطلاع کسی جرم کے سرزرد ہونے سے متعلق ہے، تو اسکول کو نیو یارک محکمۂ پولیس (NYPD) کو اطلاع دینا لازمی ہے۔

## 3 شکایات کی تفتیش کس طرح کی جاتی ہیں؟

آپ کے اسکول کے عملے کا کوئی رکن آپ کی شکایت کی تفتیش ذیل کے مطابق کرے گا:

- واقعہ کے بارے میں جاننے کے لیے اسکول کا عملہ، طلباء یا ان دیگر ملوّث افراد یا چشم دید گواہان سے الگ الگ بات کی جاتی ہے
  - وہ کسی معلومات یا متعلقہ ثبوت، جیسے ویڈیوز، ٹیکسٹ پیغامات، یا سوشل میڈیا پوسٹس، کے بارے میں پوچھ سکتے ہیں
- اس واقعہ میں ملوّث افراد یا گواہان سے ایک تحریری بیان تیار کرنے کے لیے کہا جا سکتا ہے

اسکول اپنی تفتیش کے دوران حاصل ہونے والی تمام معلومات پر غور کرے گا اور فیصلہ کرے گا کہ کیا ہوا تھا اور آپ کے بچے کی مدد کس طرح کی جائے۔

## 4 تفتیش کے بعد اسکول کے فیصلے کی اطلاع مجھے کس طرح دی جائے گی؟

تفتیش کے اختتام پر، اہل خانہ کو دس تعلیمی دن کے اندر نتائج سے آگاہ کیا جائے گا۔ اگر ضروری ہوا تو، طلباء کو معاونتی خدمات کے لیے حوالہ دیا سکتا ہے۔

واقعے میں ملوّث طلباء کے والدین / سرپرست کو صرف ان کے اپنے بچے کے بارے میں معلومات فراہم کی جائے گی۔ اسکول کسی اور طالب علم کو ملنے والی امداد یا تادیب کے بارے میں اہل خانہ کو نہیں بتائے گا۔

## 5 اگر میرا بچہ خود کو غیر محفوظ محسوس کر رہا ہو یا اسے مدد درکار ہو تو میرا اسکول کس طرح کی معاونتیں فراہم کر سکتا ہے، اور میں معاونتوں کے لیے کس طرح درخواست کر سکتا ہوں؟

آپ کسی بھی وقت، تفتیش سے پہلے، دوران، یا بعد میں معاونت کی درخواست کر سکتے ہیں۔

آپ کا اسکول کئی طریقوں سے آپ کے بچے کی انفرادی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے معاونت فراہم کر سکتا ہے۔ مثال کے طور پر، وہ یہ کر سکتے ہیں کہ:

- آپ کے بچے کا اسکول مشیر، سماجی کارکن، ماہر نفسیات، یا برادری میں موجود ذہنی صحت کے پیشہ ور سے رابطہ کروائیں۔
- تعلیمی معاونتوں اور تبدیلیوں کی تلاش میں آپ کی مدد کرکے، جیسے کلاسز، دوپہر کے کھانے/ وقفے، یا بعد از اسکول پروگرام کے شیڈولز میں تبدیلی کرکے۔
- آپ کے بچے کے ساتھ مل کر ان کی مخصوص ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ایک انفرادی معاونتی منصوبہ

تشکیل کرے گا، جس میں طرزِ عمل کو روکنے کو یقینی بنانے کے لیے اسکول کے مخصوص عملے کے ساتھ کچھ عرصے تک وقتاً فوقتاً نگرانی کرنے جیسی معاونتیں شامل ہو سکتی ہیں۔

اگر آپ کے بچے کو کوئی معذوری لاحق ہے اور آپ کو تشویش ہے کہ کسی واقعہ کی وجہ سے ان کی تعلیم پر منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں تو اپنے بچے کی انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) ٹیم، سیکشن 504 ٹیم، اور اسکول منتظم سے بات کریں۔

---

## 6 اگر میرے بچے کو مدد کی ضرورت ہوئی تو اسکول کے اندر اور باہر کون سے وسائل دستیاب ہیں؟

آپ کے اسکول میں ایک خاص متعین 'سب کے لیے احترام' (RFA) رابطہ کار ہے اور ایک 'جنسی ہراسانی کی روک تھام' (SHP) رابطہ کار ہے جو غنڈہ گردی یا ہراساں کرنے سے متاثرہ طلباء اور اہل خانہ کی مدد کرتے ہیں۔ آپ ان کے نام "اسکول رابطے اور معلومات" کے سیکشن میں اپنے اسکول کے فہرست کے صفحے **schoolsearch.schools.nyc** پر تلاش کر سکتے ہیں۔ ان کے نام اسکول میں لگائے جانے والے پوسٹرز پر بھی دیکھے جاسکتے ہیں۔ اگر والدین / سرپرست یا طالب علم کے تفتیش کے دوران کوئی سوالات ہوں، تو وہ RFA یا SHP رابطہ کار یا پرنسپل سے پوچھ سکتے ہیں۔

جنسی ہراسانی کے مخصوص قسم کے واقعات کے لیے: زمرہ IX —ایک وفاقی قانون ہے جو کسی بھی وفاق کے سرمائے شدہ اسکول یا تعلیمی پروگرام میں جنس کی بنیاد پر امتیاز کو ممنوع قرار دیتا ہے— اس بات کا تقاضہ کرتا ہے کہ NYCPS زمرہ IX ٹیم اسکول کی تفتیش کے علاوہ ایک علیحدہ تفتیش کرے۔ زمرہ IX کی تفتیش اسکول کی تفتیش سے مخلتلف ہوتی ہے۔ اگر زمرہ IX ٹیم بھی اس واقعے کی تفتیش کرتی ہے تو آپ کو مطلع کیا جائے گا۔ زمرہ IX کے بارے میں مزید معلومات کے لیے **schools.nyc.gov/TitleIX** پر جائیں

اگر آپ کے تجربے میں ہراساں، امتیازیت، یا غنڈہ گردی کرنے کا کوئی واقعہ پیش آتا ہے یا آپ اس کے گواہ ہیں، برائے مہربانی اپنے اسکول کے 'سب کے لیے احترام' رابطہ کاران، پرنسپل یا کسی نگھداشت کرنے والے کو بتائیں وہ اس اطلاع کو فائل کرنے کے لیے اگلے مناسب اقدامت اٹھائے گا۔

اگر آپ اس واقعہ کی اطلاع براہِ راست کرنا چاہتے ہیں، برائے مہربانی ذیل میں سے کسی ایک انتخاب کا استعمال کریں:

- نفرت کے خلاف ہاٹ لائن کو **718-935-2889** پر کال کریں، پیر سے جمعہ، صبح 8 سے شام 6 بجے تک، گمنامی اطلاعات دی جا سکتی ہیں۔
- طالب علم کا طالب علم کے ساتھ واقعے کی اطلاع **nycenet.edu/BullyingReporting** پر دی جا سکتی ہے
- کسی واقعے میں عملے کے ملوّث ہونے کی اطلاع **nycenet.edu/OEO** پر دی جا سکتی ہے
- آپ ہمیں **RespectForAll@schools.nyc.gov** پر ای میل یا P311 غنڈہ گردی مدد لائن کو **718-935-2288** پر کال کر سکتے ہیں۔

اگر آپ اپنے اسکول کے باہر کسی فرد سے بات کرنے کو ترجیح دیتے ہیں:

- **NYC 988** نیو یارک کے تمام عمروں کے مکینوں کو بلامعاوضہ، خفیہ، ذہنی صحت کی معاونت فراہم کرتا ہے۔ فون، ٹیکسٹ، یا چیٹ کے ذریعے کسی مشیر سے بات کریں اور دن کے 24 گھنٹے، ہفتے کے 7 دن، ذہنی صحت اور منشیات کے استعمال کی خدمات تک رسائی حاصل کریں:
  - کال یا ٹیکسٹ کریں: **988**
  - ابھی چَیٹ کریں: **988lifeline.org/Chat**
  - خدمات تلاش کریں **nyc.gov/988**

براہ کرم اپنے خاندان کے لیے دستیاب معاونت کے مختلف انتخابات کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے **schools.nyc.gov/RespectForAll** پر جائیں یا اپنے اسکول سے براہ راست درخواست کریں۔

## 7 اگر مجھے آپ کے اسکول کی فراہم کردہ مدد سے زیادہ مدد کی ضرورت ہو تو میں کس طرح حاصل کر سکتا ہوں؟

اگر آپ کو اپنے اسکول کی جانب سے فراہم کردہ معاونت سے زیادہ مدد درکار ہے تو آپ مندرجہ ذیل میں سے کوئی بھی کام کر سکتے ہیں:

- مزید معاونت حاصل کرنے کی درخواست کی شکایت یہاں آن لائن درج کروائیں **nycenet.edu/bullyingreporting**
- اپنے 'سب کے لیے احترام' رابطہ کار یا کسی نگہداشت کرنے والے بالغ فرد سے بات کریں۔
- دفتر برائے 'سب کے لیے احترام' سے اس پر رابطہ کریں **RespectForAll@schools.nyc.gov**
- معاملہ بڑھنے پر عملے کی مدد (Escalation Staff Assistance) درخواست فارم پُر کریں، جو آن لائن **schools.nyc.gov/RespectForAll** پر "Escalation Assistance" کے عنوان کے نیچے دستیاب ہے۔ مکمل شدہ فارم کو اپنے اسکول ضلع کے خاندانی معاونت رابطہ کار کو ای میل کریں؛ ان کا ای میل پتہ **schools.nyc.gov/Superintendents** پر تلاش کریں۔

## 8 میں غنڈہ گردی اور ہراساں کرنے کے واقعات کے متعلق NYCPS کی پالیسیوں اور طریقہ کار کے بارے میں مزید معلومات کہاں سے حاصل کر سکتا ہوں؟

NYCPS کی پالیسیوں اور طریقہ کار کے بارے میں مزید معلومات کے لیے براہ کرم چانسلر کے ضابطے **A-831** اور **A-832** ملاحظہ کریں (**schools.nyc.gov/VolumeA**)۔